میں رسول اللہ ﷺ کے کپڑوں سے منی کو دھو ڈالتی تھی پھر آپ ﷺ نماز کے لیے باہر تشریف لے جاتے؛ حالانکہ پانی کے دھبے آپ ﷺ کے کپڑے میں موجود ہوتے

عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتے ہوئے بیان کرتی ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے کپڑے سے منی کو دھو ڈالتی تھی پھر آپ ﷺ نماز کے لیے باہر تشریف لے جاتے؛ حالانکہ پانی کے دھبے آپ ﷺ کے کپڑے میں موجود ہوتے ایک اور روایت میں ہے: میں رسول اللہ ﷺ کے کپڑے سے منی کو کھرچ دیتی تھی اور آپ ﷺ اسے پہن کر نماز پڑھ لیا کرتے تھے

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے - متفق علیہ]

عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کر رہی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے کپڑے کو جنابت کی وجہ سے منی لگ جاتی بعض اوقات یہ گیلی ہوتی تو وہ پانی کے ذریعے اسے کپڑے سے صاف کر دیتیں پانی ابھی کپڑے سے سوکھا نہیں ہوتا تھا کہ آپ ﷺ اسی حالت میں نماز کے لیے تشریف لے جاتے بعض اوقات منی سوکھی ہوتی، اس صورت میں وہ اسے کھرچ کر کپڑے سے اتار دیتیں اور آپ ﷺ اس کپڑے میں نماز پڑھ لیتے

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3388

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY